# 30-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن سے قبل آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں ایک کل جماعتی اجلاس منعقد ہوا۔اس اجلاس کے دوران حکومت نے تمام سیاسی جماعتوں سے درخواست کی کہ وہ پارلیمنٹ کی کارروائی پرسکون انداز میں چلانے کے لئے تعاون کریں۔

۲۔تلنگانہ میں ہماچل پردیش کے ہائیڈل پاور پروجیکٹس کی تعمیر میں دلچسپی دکھائی ہے۔

۳۔ بی جے پی مقننہ پارٹی کے لیڈر راے مہیشور ریڈی نے انتخابی وعدوں کی عدم تکمیل اور غرباء کی بہبود کونظرانداز کرنے پر ریاستی حکومت کوتنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

اور

۴۔الکٹرانک اورآئی ٹی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت آنے والے مہینوں میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا اپنا بنیادی ماڈل تیار کرے گا۔

OO

حیدرآباد کے پولیس کمشنر سی وی آنند نے آج بنجارہ ہلز میں واقع انٹی گریٹیڈ کمانڈ کنٹرول سنٹر میں پولیس ملازمین کے لئے مصنوعی تنفس فراہم کرنے کے تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔مہدی پٹنم کے مائتری ہاسپٹل کے زیراہتمام اِس تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے۔اس کا مقصد پولیس ملازمین کو سی پی آر کی مہارت سے لیس کرنا ہے۔اس موقع پر کمشنر نے سی پی آر ٹرینگ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اِس سے نہ صرف پولیس ملازمین کو فائدہ ہوگا بلکہ ایمرجنسی حالات میں عوام کو بھی فائدہ ہوگا۔انہوں نے پہلے مرحلہ میں ایک ہزار 409 پولیس ملازمین کو تربیت فراہم کرنے پر مائتری ہاسپٹل کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ دوسرے مرحلہ میں حیدرآباد سٹی پولیس کے ایک ہزار 248 عہدیدار شرکت کریں گے۔

OO

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا نے آج دہلی میں ہماچل پردیش کے چیف منسٹر سوکھو یندر سنگھ سوکو سے ملاقات کی۔اس ملاقات کے دوران تلنگانہ کے حکومت نے 400 میگاواٹ کے سیلی اور 120 میگاواٹ کے میار ہائیڈروالکٹرک پروجکٹس کے لئے لیٹر آف انٹرسٹ پیش کیا۔ڈپٹی چیف منسٹر نے ہماچل پردیش کے چیف منسٹر سے درخواست کی کہ وہ یادداشت مفاہمت کوقطعیت دینے کے عمل میں تیزی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی حکومت ضروری غوروخوص کے بعد اِس معاہدہ کے سلسلہ میں تیز رفتاری سے اقدامات کرے گی۔ہماچل پردیش کی گورنمنٹ کی حکومت نے حال ہی میں بیلڈ، اون، آپریٹ اینڈ ٹرانسفر یعنی بوٹ اسکیم کے تحت 22 ہائیڈروالکٹرک پروجکٹس کے لئے تجاویز طلب کی تھیں۔اس کے جواب میں تلنگانہ کے محکمہ برقی کے عہدیداروں کی ایک ٹیم نے ہماچل پردیش کا دورہ کیا، تجاویز کا جائزہ لیا اور ایک سو میگاواٹ سے زیادہ کی گنجائش والے پروجکٹس میں دلچسپی دکھائی۔

OO

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ترو ملا تروپتی دیوستھانم کے خطوط پر یادگیری گوٹہ دیوستھانم بورڈ کے قیام کے لئے تیز رفتاری سے اقدامات کریں۔کل اپنے قیام گاہ پر ایک جائزہ اجلاس کے دوران چیف منسٹر نے بورڈ کی تشکیل کے سلسلہ میں تیار کئے گئے مسودہ میں کئی تبدیلیاں تجویز کیں۔انہوں نے کہا کہ ترو ملا کی طرح یادگیری گوٹہ مندر کے انتظامیہ میں سیاست نہیں ہونی چاہئے۔انہوں نے مندر کے تقدس

کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف منسٹر نے مندر کی جانب سے انجام دئے جانے والے مختلف روحانی اور عوامی خدمت کے پروگراموں سے متعلق تجاویز میں تبدیلیاں تجویز کیں۔

○○

مہاتما گاندھی کو آج ان کی 77 ویں برسی کے موقع پر تلنگانہ میں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ گاندھی جی کی قربانی اور ملک کی آزادی کے لئے جانوں کی قربانی دینے والے تمام افراد کی یاد میں آج کا دن یوم شہدا کے طور پر منایا گیا۔ مہاتما گاندھی کے عقیدتمندوں نے کئی مقامات پر دعائیاں اجلاس منعقد کئے اور ان کے پسندیدہ بھجن گائے۔ گورنر جشنو دیو ورما، چیف منسٹر ریونت ریڈی، ریاستی وزراء تملا ناگیشور راؤ، پی سرینواس ریڈی اور پونم پربھاکر نے باپو گھاٹ پر بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر چیف سکریٹری شانتی کماری، ڈی جی پی جتندر، چیف منسٹر کے مشیر ویم نریندر ریڈی اور دیگر اعلیٰ عہدیدار موجود تھے۔

○○

حیدرآباد کی میئر گدوال وجئے لکشمی نے آج جی ایچ ایم سی کی کونسل کے اجلاس کے دوران ریاستی حکومت کے خلاف احتجاج کرنے والے بی آر ایس کارپوریٹرس کو معطل کر دیا۔ بی آر ایس کے کارپوریٹرس نے کونسل کے اجلاس کے دوران نعرے لگاتے ہوئے پلے کارڈس دکھا کر احتجاج کیا۔ ان کا الزام تھا کہ کانگریس کی حکومت اپنے وعدوں کی تکمیل میں ناکام ہوگئی۔ احتجاجی کارپوریٹرس نے میئر کے پوڈیم کی طرف بڑھنے کی کوشش کی جس سے صورتحال کشیدہ ہوگئی۔ شور شرابے کے بیچ میئر نے 8 ہزار 440 کروڑ روپے کے مصارف کے ساتھ سال 26-2025ء کا بجٹ پیش کیا۔ اس سے قبل دن میں بی آر ایس کے قائدین اور کارکنوں نے کانگریس حکومت کی جانب سے وعدوں کی عدم تکمیل کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ریاست بھر میں احتجاج کیا۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے پارٹی کارکنوں سے اپیل کی تھی کہ وہ کانگریس حکومت کی ناکامیوں کے بارے میں مہاتما گاندھی کے مجسموں کو اپنی عرضیاں پیش کریں۔

○○

پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن سے قبل آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں ایک کل جماعتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس کے دوران حکومت نے تمام سیاسی جماعتوں سے درخواست کی کہ وہ پارلیمنٹ کی کارروائی پرسکون انداز میں چلانے کے لئے تعاون کریں۔ اجلاس کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ کل پہلے دن صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کریں گی۔ صدر کے خطاب کے بعد معاشی سروے پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پرسوں مرکزی بجٹ پیش کیا جائے گا۔ رجیجو نے کہا کہ سیشن کے دوران صدر جمہوریہ کے خطبہ پر مباحث ہوں گے۔ اس کے بعد بجٹ پر مباحث کئے جائیں گے۔ بجٹ پر مباحث 13 فروری تک جاری رہیں گے۔ بجٹ سیشن وقفہ کے بعد 10 مارچ کو دوبارہ شروع ہوگا۔

○○

جل شکتی کی وزارت کے سینئر عہدیدار اے کے پردھان کو گوداوری ریور مینجمنٹ بورڈ کا نیا چیرمین مقرر کیا گیا ہے۔ جل شکتی کی وزارت نے سرکاری طور پر اس تقرر کا اعلان کیا۔ پردھان سنٹرل واٹر انجینئرنگ سروس میں خدمات انجام دے رہے ہیں اور وہ فوری چیرمین کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لیں گے۔

○○

الکٹرانک اور آئی ٹی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت آنے والے مہینوں میں آرٹیفیشل انٹلیجنس کا اپنا بنیادی ماڈل تیار کرے گا۔ دہلی میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کا بنیادی ماڈل دنیا کے بہترین ماڈل کے ساتھ مسابقت کر سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے اپنے اے آئی ماڈل کی تیاری کے لئے تجاویز طلب کرنے ایک فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اے آئی سیفٹی انسٹیٹیوٹ بھی قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے بھارت کے اے آئی مشن کی پیشرفت پر روشنی ڈالی۔ اشونی ویشنو نے کہا کہ 18 ہزار 693 جی پی یوز والے ایک مشترکہ کمپیوٹر سنٹر کا قیام عمل میں آیا ہے اور یہ سنٹر آنے والے دنوں میں اسٹارٹ اَپس، ریسرچرس اور ڈیولپرس کے لئے دستیاب ہوگا۔

○○

بی جے پی مقننہ پارٹی کے لیڈر رائے مہیشور ریڈی نے انتخابی وعدوں کی عدم تکمیل اور غرباء کی بہبود کو نظر انداز کرنے پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ حیدرآباد کے ناملی میں پارٹی کے ریاستی دفتر پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت نے انتخابات کے دوران کئے گئے 42 وعدوں کو پورا نہ کرتے ہوئے سماج کے تمام طبقات کو دھوکہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نرمل ضلع میں مکانات کے لئے دو لاکھ درخواستیں موصول ہوئیں لیکن صرف 3 ہزار 500 مکانات الاٹ کئے گئے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ مستحقین کی نشاندہی کے لئے اختیار کئے جارہے طریقہ کار کی وضاحت کرے اور راشن کارڈ کی اجرائی کے بارے میں واضح معلومات فراہم کریں۔

○○

ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے وزرائے لیڈرس اور سکریٹریز کا دو روزہ قومی اجلاس آج دہلی میں اختتام کو پہنچا۔ اس اجلاس کی صدارت وزیر لیبر و روزگار ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی وزارت منظّم اور غیر منظّم شعبوں کے ملازمین کی بہبود کے لئے ریاستی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعمیری مزدوروں اور گگ اور پلاٹ فارم ورکرس کی بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

○○

وقف ترمیمی بل پر رکن پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کی زیر قیادت مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے اپنی رپورٹ آج پارلیمنٹ ہاؤس میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کو پیش کردی۔

○○